کسی بدعقیدہ فیملی سے تعلق رکھنے والی لڑکی سے نکاح کرنا کیسا؟

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میرا دوست ایک عورت سے شادی کرنا چاہتا ہے جو کسی بدعقیدہ فیملی سے تعلق رکھتی ہے۔لیکن وہ لڑکی کسی طرح کی بد عقیدگی میں مبتلا نہیں ہے ۔وہ عام مسلمانوں کی طرح مسلمان ہےجس آج کل کے اکثر مسلمانوں کا حال یہ ہے کہ وہ عقیدے کے بارے میں زیادہ علم نہیں رکھتے ۔اور یہی حال اس لڑکی اور اس کی فیملی کا ہے تو کیا اس لڑکی سے شادی کرنا جائز ہے۔

سائل :شاہد فرام انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

اگر اس لڑکی کا کوئی ایسا عقیدہ نہیں ہے جو حدِ کفر تک پہنچتا ہو تو وہ مسلمان ہے اور اس سے نکاح جائز ہے اور اسی طرح اگر اس کی فیملی کسی بدعقیدگی میں مبتلا نہیں تو ان کے ساتھ تعلقات رکھنے میں بھی کوئی حرج نہیں ۔

وَاللہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Date: 3-12-2017

PERORMING NIKAH WITH A WOMAN WHOSE FAMILY IS OF ILL-CREED

الحمدلله والصلوة والسلام على رسول الله

QUESTION:

What do the scholars of the Din and muftis of the Sacred Law state regarding the following issue: my friend wants to marry a woman whose family has ties to a deviant sect. However, the woman is not involved in any deviant practices or beliefs; she is like the common Muslim of today who is uninformed of matters of Aqidah (creed). This is also the case with her family. Is it permissible to marry such a woman?

Questioner: Shahid from UK

ANSWER:

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَهاب اللهم هدايةَ الحَق والصواب

If this woman has no such belief that reaches the level of kufr [disbelief] then she is a Muslim and to perform Nikah with her is permissible. And like this if her family is not involved in any deviant practices or beliefs then there is no harm in keeping relations with them.

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri

Translated by Abu Zayn